# 'عباسؑ کی بہنیں'

171

کھا گیا شہزادیوں کو غم اِسی احساس کا
ہائے تھا رہوار کی گردن میں سر عباسؑ کا

**کہاں ناپاک نظریں اور کہاں عباسؑ کی بہنیں**
پریشاں ہیں علیؑ کی بیٹیاں عباسؑ کی بہنیں

اِسی خاطر تھا سر رہوار کی گردن میں غازیؑ کا
کہ دیکھیں نہ سرِ نوکِ سناں عباسؑ کی بہنیں

اسیری بے ردائی شام کے بازار کا عالم
نہ جانے دیں گی کتنے امتحاں عباسؑ کی بہنیں

کھڑی ہیں بابِ ساعت پر نہ جانے کتنے پہروں سے
مسلمانوں تمہارے درمیاں عباسؑ کی بہنیں

تلاوت کر رہی ہیں خون میں ڈوبی ہوئی آنکھیں
سنیں گی کیسے ننگے سر اذاں عباسؑ کی بہنیں

کھجوریں پھینکتے ہیں لوگ صدقے کی اسیروں پہ
کریں کس سے مصیبت یہ بیاں عباسؑ کی بہنیں

کھڑی ہیں سر جھکائے پتھروں کی تیز بارش میں
شہیدوں کے سروں کے درمیاں عباسؑ کی بہنیں

کھلے سر جس نجس ماحول سے ہو آئیں ہیں لوگو
رہیں گی اب سدا گریہ کناں عباسؑ کی بہنیں

چلی ہیں معرکہ سر شام کا کرنے غریبی میں
بندھائے بازوؤں میں رسیاں عباسؑ کی بہنیں

دِکھا کر نیل بولیں بیٹیاں زہراؑ کے مرقد پر
اُجڑ کے آئیں ہیں گھر دیکھ ماں عباسؑ کی بہنیں

چھپائیں گی بھلا اب مادرِ عباسؑ سے کیسے
یہ دروں کی اذیت کے نشاں عباسؑ کی بہنیں

بیاں رضوان و مظہرؔ ہو نہیں سکتی قیامت تک
غموں کی ہیں مجسم داستاں عباسؑ کی بہنیں